سنن دارمی شریف

تالیف

شیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن الفضل بن بہرام الدارمی

(۱۸۱ - ۲۵۵ھ)

ترجمہ :

حامل الرایۃ فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

وفقہ اللہ تعالیٰ خیر التوفیق

ھو نعم المولیٰ و نعم الرفیق

شبیر برادرز
اردو بازار ۔ لاہور

1 / 5

سنن دارمی شریف

جلد دوم

تالیف

مُشیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن الفضل بن بہرام الدارمی

(۱۸۱-۲۵۵ھ)

ترجمہ:

حامل الرایۃ فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

وفقہ اللہ تعالیٰ بحسن التوفیق

ھو نعم المولیٰ و نعم الرفیق

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰-اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

نام کتاب ______ سنن دارمی شریف جلد دوم

تصنیف ______ الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن

مترجم ______ ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

کمپوزنگ ______ ورڈ زمیکر

باہتمام ______ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ______ مارچ 2008ء

پروف ریڈنگ ______ غلام علی اعوان (ایم فل، فاضل درس نظامی)

سرورق ______ باھُو گرافکس لاہور

طباعت ______ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ (مکمل سیٹ دو جلدیں) [ ] روپے

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تا کہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

الذُّنُوبِ فَإِنَّ لَهَا مِنَ اللَّهِ طَالِبًا

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عائشہ! معمولی گناہوں سے بچو کیونکہ ان کے بارے میں بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے گرفت ہوسکتی ہے۔

بَابٌ فِي التَّوْبَةِ

باب 18: توبہ کا بیان

2761- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ بَنِي آدَمَ خَطَّاءٌ وَخَيْرُ الْخَطَّائِينَ التَّوَّابُونَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تمام اولادِ آدم علیہ السلام گناہگار ہے اور سب سے بہتر گنہگار وہ ہے جو زیادہ توبہ کرتا ہو۔

بَابُ اللَّهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ الْعَبْدِ

باب 19: اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ سے بہت خوش ہوتا ہے

2762- أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنِ النُّعْمَانِ هُوَ ابْنُ بَشِيرٍ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَافَرَ رَجُلٌ فِي أَرْضٍ تَنُوفَةٍ فَقَالَ تَحْتَ شَجَرَةٍ وَمَعَهُ رَاحِلَتُهُ عَلَيْهَا زَادُهُ وَطَعَامُهُ فَاسْتَيْقَظَ وَقَدْ ذَهَبَتْ رَاحِلَتُهُ فَعَلَا شَرَفًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا ثُمَّ عَلَا شَرَفًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا ثُمَّ عَلَا شَرَفًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا قَالَ فَالْتَفَتَ فَإِذَا هُوَ بِهَا تَجُرُّ خِطَامَهَا فَمَا هُوَ بِأَشَدَّ فَرَحًا بِهَا مِنَ اللَّهِ بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ إِذَا تَابَ إِلَيْهِ

☆☆ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ' یہ بشیر کے صاحبزادے ہیں' بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ایک مرتبہ ایک شخص ایک بے آب و گیاہ جگہ پر سفر کر رہا تھا وہ دوپہر کے وقت ایک درخت کے نیچے سو گیا۔ اس کے ساتھ اس کی

حدیث **2760**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4243**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24460**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **5568**
حدیث **2761**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2499**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4251**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **13072**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **7617**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **2922**
حدیث **2762**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18432**
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **794**

سواری تھی جس پر اس کا سامان اور کھانے پینے کی چیزیں رکھی ہوئی تھیں جب وہ شخص بیدار ہوا تو اس کی سواری کہیں جا چکی تھی۔ اس نے ادھر ادھر تلاش کیا لیکن اسے کچھ نہیں ملا اس نے پھر تلاش کیا پھر کچھ نہیں ملا۔ پھر تلاش کیا کچھ نہیں ملا۔ پھر اس نے جب توجہ کی تو سواری وہاں موجود تھی۔ اس نے اس کی لگام کو پکڑا تو وہ شخص اس وجہ سے جتنا خوش ہوا ہے اللہ کا بندہ جب اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ سے اس سے زیادہ خوش ہوتا ہے۔

بَابٌ فِي الْاَمَلِ وَالْاَجَلِ

باب 20: امید اور موت

2763- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي يَعْلٰى عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطًّا مُرَبَّعًا ثُمَّ خَطَّ وَسَطَهُ خَطًّا ثُمَّ خَطَّ حَوْلَهُ خُطُوْطًا وَّخَطَّ خَطًّا خَارِجًا مِّنَ الْخَطِّ فَقَالَ هٰذَا الْاِنْسَانُ لِلْخَطِّ الْاَوْسَطِ وَهٰذَا الْاَجَلُ مُحِيْطٌ بِهٖ وَهٰذِهِ الْاَعْرَاضُ لِلْخُطُوْطِ فَاِذَا اَخْطَاَهُ وَاحِدٌ نَهَشَهُ الْاٰخَرُ وَهٰذَا الْاَمَلُ لِلْخَطِّ الْخَارِجِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے ایک مربع شکل میں لکیریں کھینچیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان ایک اور لکیر کھینچی۔ پھر اس کے اردگرد چند اور لکیریں کھینچیں پھر اس کے باہر کچھ اور لکیریں کھینچیں۔

اور پھر درمیانی خط کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ یہ انسان ہے اور یہ اس کی زندگی کی مخصوص مدت ہے جو اسے گھیرے میں لیے ہوئے ہے لکیروں کے بارے میں ارشاد فرمایا: یہ مصیبتیں ہیں جب ایک نہیں آتی تو اس کی جگہ دوسری آ جاتی ہے اور باہر کے خط کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اور یہ اس کی امیدیں ہیں۔

بَابٌ مَّا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ

باب 21: دو بھوکے بھیڑیوں کے بارے میں روایات

2764- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ زَكَرِيَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَا فِي غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهٖ

حدیث **2763**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ/**1987**ء **6054**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2454**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **3652**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **6297**

"مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام **1404**ھ-**1984**ء **5243**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **4231**